## قومی خزانے اور معیشت میں شراکت:

آپ کی کمپنی نے سال کے دوران انکم ٹیکس، سپر ٹیکس، سیلز ٹیکس، کسٹم ڈیوٹیز اور دیگر لیویز کی مد میں قومی خزانے میں 13,335 ملین روپے جمع کروائے۔

## پراویڈنٹ فنڈ اور گریچویٹی فنڈ:

کمپنی اپنے ملازمین کو ریٹائرمنٹ کے فوائد فراہم کرتی ہے۔ ان میں ایک غیر شراکتی وضاحت شدہ فوائد کی گریچویٹی فنڈ اور ایک شراکتی پراویڈنٹ فنڈ شامل ہیں۔ دونوں منصوبے سرمایہ کاری کئے گئے ہیں جو ٹیکس حکام سے تسلیم شدہ ہیں۔

پراویڈنٹ فنڈ اور گریچویٹی فنڈ کی قدریں بالترتیب 350 ملین روپے (2023: 256 ملین روپے) اور 510 ملین روپے (2023: 372 ملین روپے) ہیں۔

## شناخت:

انٹرنیشنل اسٹیل لمیٹڈ نے MAP کی میزبانی میں 38ویں کارپوریٹ ایکسیلنس ایوارڈز (CEA) میں مسلسل پانچواں ایوارڈ جیتا، جس میں غیر معمولی کارکردگی اور انتظامی بہترین طریقوں کو تسلیم کیا گیا۔

انٹرنیشنل اسٹیل لمیٹڈ نے مالی سال 22-2021 کے لئے ایف پی سی سی آئی (FPCCI) کا 46واں بہترین برآمدی کارکردگی ایوارڈ حاصل کیا، جو برآمدات میں کمپنی کی مسلسل کامیابی کو تسلیم کرتا ہے۔

انٹرنیشنل اسٹیل لمیٹڈ کو دو مسلسل مالی سالوں، 20-2019 اور 21-2020 کے لئے کے سی سی آئی (KCCI) بہترین برآمدی کارکردگی ایوارڈ سے نوازا گیا۔

انٹرنیشنل اسٹیل لمیٹڈ نے او ایس ایچ ای (OSHE) 2022 کے لئے 17ویں ای ایف پی (EFP) ''بیسٹ پریکٹسز ایوارڈ'' کی تقریب میں انجینئرنگ، آٹو موبائل مینوفیکچرنگ اور اسپیئر پارٹس/کمپونٹس سیکٹر میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔

انٹرنیشنل اسٹیل لمیٹڈ نے سال 2022 کے لئے باوقار 11واں ایف پی سی سی آئی (FPCCI) ایچیومنٹ ایوارڈ حاصل کیا۔ یہ ایوارڈ 23 دسمبر 2023 کو اسلام آباد میں منعقدہ ایک تقریب میں پیش کیا گیا، جس میں پاکستان کی تجارت اور صنعت کے فروغ میں کمپنی کی شاندار شراکت کو تسلیم کیا گیا۔

## مستقبل کا نقطۂ نظر:

کمپنی آنے والے سال میں ایک پیچیدہ اور متحرک آپریٹنگ ماحول کی توقع رکھتی ہے۔ اگرچہ جاری اقتصادی چیلنجز خطرات پیدا کرتے ہیں، کمپنی کی مضبوط مالی حالت، عملی کارکردگی، اور مارکیٹ پر توجہ، ان غیر یقینی صورتوں کو صحیح راستے پر گامزن کرنے کے لئے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتی ہے۔

نقطۂ نظر کو متاثر کرنے والے کلیدی عوامل میں معاشی بحالی کی رفتار، حکومت کی منصوبہ سازیاں، عالمی اسٹیل مارکیٹ کے رجحانات اور ٹیکنالوجی میں جدّت شامل ہیں۔ کمپنی اپنے طویل مدّتی قیام اور ترقی کو یقینی بنانے کے لئے لاگت کے انتظام، کارکردگی کے امتیاز اور مارکیٹ کے تنوع کو ترجیح دیتی رہے گی۔

کمپنی اپنے کارخانے میں 6.4 میگاواٹ کا سولر پاور پلانٹ نصب کرنے میں کوشاں ہے اور توقع ہے کہ یہ اس مالی سال کے پہلے نصف میں فعال ہو جائے گا۔ شمسی توانائی کی تنصیب کمپنی کے گرین انرجی کے عزم کو تقویت دیتی ہے اور اس کے کاربن کے اخراج کو کم کرتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ پلانٹ یوٹیلیٹیز کی مسلسل بڑھتی ہوئی لاگت کو کم کرنے میں بھی مددگار ہوگا۔

کمپنی نے سپلائی چین مینجمنٹ سافٹ ویئر میں بھی سرمایہ کاری کی ہے جو انوینٹری کے انتظام کو موثر بنانے، مصنوعات کی بروقت ترسیل اور صارفین کی اطمینان افزائی میں معاون ہوگا۔

مالی سال کے اختتام کے بعد کمپنی نے ایک ایسوسی ایٹڈ کمپنی - چنائے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں 48.45 ملین روپے کی سرمایہ کاری کی منظوری دی ہے۔

تحقیق اور ترقی پر مسلسل توجہ کا ارتکاز، مارکیٹ کی تغیر پذیری کے مطابق ڈھالنے اور مسابقتی برتری کو برقرار رکھنے کے لئے اہم ہوگا۔ کمپنی اپنے ذی نفع افراد کے لئے پُرعزم ہے اور برادری اور ماحولیات میں مثبت کردار ادا کرتے ہوئے ارزش کی کوشش کرے گی۔

## تشکر:

بورڈ ہمارے ملازمین، صارفین، فراہم کنندگان، حصے داروں، اور بینکرز کا ان کی مسلسل حمایت کے لئے شکریہ ادا کرنا چاہتا ہے۔ ذی نفع افراد کے اعتماد اور اچھے تعلقات کی بدولت کمپنی برسوں سے قائم ہے اور ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔

ہم کمپنی کی کامیابی اور تمام ذی نفع افراد، اور ملک کی منفعت کے لیے اللہ سے دعا گو ہیں۔

**کمال اے۔ چنائے**
چیئرمین

**یوسف حسین مرزا**
چیف ایگزیکٹو آفیسر

کراچی: 20 اگست 2024

کمپنی نے 682 کی بہترین کل نفری کے ساتھ اپنی کارکردگی جاری رکھی۔ کمپنی نے جانشینی کے لئے ایک تفصیلی منصوبہ تیار کیا ہے، جس میں مستقبل کے باصلاحیت رہنماؤں کی ترقی کے لئے کارکردگی کا جائزہ اور موزوں تربیتی ضروریات شامل ہیں۔ کمپنی نے ملازمین کی اہلیت کو بڑھانے کے لئے معتبر اداروں بشمول LUMS، IBA، ICAP اور MAP میں ترقی کے مواقع کی فراہمی کو جاری رکھا۔ مقامی ترقی کے مواقع کے علاوہ معزز بین الاقوامی اداروں میں بھی اس فراہمی کو جاری رکھا۔ اپنی ایچ آر کی اچھی کارکردگی کے اعتراف میں کمپنی کو پاکستان کے ایمپلائز فیڈریشن کی جانب سے دسویں اچھی ایمپلائر آف دی ایئر ایوارڈز میں ''ڈائمنڈ ریکگنیشن ایوارڈ'' سے نوازا گیا۔

کمپنی بحیثیت مساوی مواقع فراہم کرنے والے آجر پابند ہے اور مختلف اقدامات کے ذریعے ادارے میں متفرق شعبوں کے مختلف انتظامی عہدوں پر خواتین کو فائز کیا ہے۔ کمپنی قیادت کے عہدوں پر خواتین کی حوصلہ افزائی بھی کرتی ہے اور انتظامی ٹیم میں خواتین ملازمین شامل ہیں۔

## اجتماعی سماجی ذمہ داری:

کمپنی پائیدار ترقی کے لئے پرعزم ہے اور کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کے اقدامات کے لئے X ملین پاکستانی روپے مختص کئے ہیں۔ اہم توجہ کے شعبوں میں تعلیم، صحت کی دیکھ بھال، اور ماحولیاتی تحفظ شامل ہیں۔ کمپنی نے توانائی کی کارکردگی کے اقدامات اور قابل تجدید توانائی کو اپنانے کے ذریعے اپنے کاربن کے اخراج کو کم کیا ہے۔ کمپنی نے صحت کی دیکھ بھال، تعلیمی اور سماجی ترقی کے مختلف منصوبوں میں 52 ملین روپے کا تعاون کیا۔

کمپنی باقاعدگی سے صحت کی دیکھ بھال کی مختلف سہولیات کے ضمن میں معاونت کرتی ہے جس میں SIUT، کاروانِ حیات اور الرّحمت بینوولینٹ ٹرسٹ کی اعانت شامل ہے، تاکہ معاشرے کی کم مراعات یافتہ طبقے کے لئے صحت کی دیکھ بھال کی معیاری سہولیات کو یقینی بنایا جا سکے۔

انٹرنیشنل اسٹیل لمیٹڈ کا ماننا ہے کہ ہمارے ملک کا مستقبل اعلیٰ معیاری تعلیم سے جڑا ہوا ہے۔ تعلیم پائیدار معاشی ترقی کے ساتھ ساتھ معاشرے میں انسانی اور سماجی میل جول کے لئے بھی ناگزیر ہے۔ کمپنی نے این ای ڈی یونیورسٹی میں مستحق طلباً کے لئے ایک اسکالرشپ پروگرام جاری رکھا ہے، اور تعلیم کے فروغ کے سلسلے میں داسٹیزن فاؤنڈیشن اور آغا خان ایجوکیشن سروسز کی معاونت کرتی ہے۔

کمپنی عامر سلطان چنائے فاؤنڈیشن جیسی تنظیموں کی حمایت کر کے سماجی ترقی اور برادری کی ترقی کے اقدامات کے سلسلے میں بھرپور تعاون کا مظاہرہ کرتی ہے۔

## رِسک مینجمنٹ:

کمپنی تدبیری، عملی، مالیاتی اور مطابقت کے خطرات کی نشاندہی اور انتظام کے لئے ایک مضبوط انٹرپرائز رِسک مینجمنٹ فریم ورک استعمال کرتی ہے۔ اہم خطرات میں مارکیٹ کی غیر یقینی صورتِ حال، کریڈٹ رسک، خلل اندازی اور ضوابط کی تبدیلیاں شامل ہیں۔ ان خطرات کو موئثر طریقے سے منظّم کرنے کے لئے تخفیف کی حکمت عملیوں، جیسے کہ خطرے کی منتقلی، خطرے سے بچاؤ، اور خطرے میں کمی کو نافذ کیا جاتا ہے۔ انٹرنل کنٹرول کا ایک مضبوط نظام قائم کیا گیا ہے، آ گہی فراہم کی گئی ہے، اور باقاعدہ خودتشخیص کے ذریعے نگرانی کی گئی ہے۔ بورڈ آڈٹ کمیٹی اہم خطرات اور متعلقہ کنٹرول کا احاطہ کرنے والے ایک تفصیلی رِسک رجسٹر کی نگہداری کرتی ہے اور وقتاً فوقتاً اس کا جائزہ لیتی ہے۔ خطرات اور ان کی مناسب تخفیف کے لئے کئے گئے اقدامات کا جائزہ لینے کے لئے وقف شدہ بورڈ آڈٹ کمیٹی کا ایک اجلاس 13 مئی 2024 کو منعقد ہوا۔ آڈٹ کمیٹی کو براہ راست رپورٹ کرنے والی آزاد اندرونی پڑتال ان کنٹرولز کے ڈیزائن اور موئثر آپریٹنگ کو یقینی بناتی ہے۔

## بورڈ کی تشکیل اور مشاہرہ:

بورڈ کی تشکیل اور بورڈ کی سب کمیٹیوں کے اراکین کے نام صفحات نمبر 86 پر تفصیل سے دیئے گئے ہیں۔

کمپنی نے کمپنیز ایکٹ 2017 اور لسٹڈ کمپنیز (کارپوریٹ گورننس کا ضابطہ) ریگولیشنز 2017 کے تحت اپنے ڈائریکٹرز کے مشاہرے کے لئے ایک شفاف پالیسی اور طریقہ کار وضع کیا ہے (بحوالہ مالیاتی بیانات، نوٹ 35)۔

## آڈیٹر کی تقرّری کے لئے بورڈ آڈٹ کمیٹی کی تجویز:

آڈیٹر کی تقرری کے لئے آڈٹ کمیٹی کی تجویز صفحہ 103 پر دی گئی ہے۔

## ڈیویڈنڈ:

کمپنی کے مالی سال 24-2023 کے مالیاتی نتائج کو مدنظر رکھتے ہوئے، کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اختتام مالی 30 جون 2024 کے لئے حتمی نقد منافع کے 30 فیصد کی سفارش کی ہے یعنی فی حصص 3.00 روپے کے ساتھ 25 فیصد عبوری نقد منافع یعنی 2.50 روپے فی حصص جو کہ پہلے ادا کیا جا چکا ہے، اس کا کل 55 فیصد یعنی 5.50 روپے فی حصص بنتا ہے۔

## تخصیصات

| | ۲۰۲۴ | ۲۰۲۳ |
|---|---|---|
| | روپے '000' میں | |
| منافع بعد از محصول ادائیگی | **3,654,814** | 3,518,790 |
| عبوری منافع منقسمہ 2024: 2.50 روپے فی شیئر؛ (2023: 3.00 روپے فی شیئر) | **(1,087,500)** | (1,305,000) |
| حتمی منافع منقسمہ 2024: 3.00 روپے فی شیئر؛ (2023: 2.50 روپے فی شیئر) | **(1,305,000)** | (1,087,500) |